Enrolment No 2228

Saudi Monazam No. 6714

**AL-AFUW MUNAZZAM** (Pvt)Ltd

MORA Reg No.0201

Munazzam No.20281

# Bab-Ul-Kaaba

Hajj, Umrah & Services
(Pvt) Ltd. Pakistan

باب الکعبہ

حج وعمرہ اینڈ سروسز (پرائیویٹ لمیٹڈ)

Flat # 3, 1st Floor SS Arcade, Main Commercial-43, Pakistan Town, Phase-1, Islamabad. Ph. 051-5970707 Cell- 0333-5188248
E-mail: jiqurishi1962@gmail.com - info@babulkaaba.com - web: www.babulkaaba.com


## معاہدہ برائے اکانومی پلس حج پیکج 2026

### کیٹگری-D بمع اظافی سہولیات

مختصر دورانیہ .1: 13-15 دن (Rs.1525000)   مختصر دورانیہ-2 : 20-22دن- (R1575000)

**1-رہائش:** مکہ میں رہائش 500-700 میٹراور مدینہ میں 300-400 میٹر کے فاصلہ پر ہوگی۔ فاصلہ حرم پاک کی بیرونی صحن کی آخری حد سے ماپا جاتا ہے۔

**نوٹ:** مکہ اور مدینہ میں کمرے اٹیچڈ باتھ ہوتے ہیں، کبھی اگر کوئی 2 کمروں کا suit الاٹ ہوجائے تو اس میں ایک باتھ بھی ہوسکتا ہے اور دو بھی۔

2-مکہ اور مدینہ میں ایک کمرہ میں ۴ سے ۵ لوگ ہوں گے جبکہ عزیزیہ، بطحہ قریش، خالدیہ، شوقیہ وغیرہ میں ایک کمرہ ۵ سے ۶ لوگوں کیلیئے ہوگا۔ شریعت کے مطابق خواتین کے لیئے الگ اور مرد حضرات کیلیئے الگ کمرے ہوں گے۔

3 -عزیزیہ، بطحہ قریش، خالدیہ یا شوقیہ وغیرہ میں رہائش: یہ تمام جگہیں حرم پاک سے تقریبا ۵ سے ۱۰ کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں اور ان سب کے لیئے لفظ عزیزیہ پیکج ہی استعمال ہوتا ہے۔ ان میں سے کسی بھی ایک جگہ پر یا ان کے علاوہ کسی اور جگہ پر جہاں کمپنی رہائش کے لیئے انتظام کرے گی وہاں حجاج (ایام حج کے علاوہ) 6 سے 9 دن قیام کریں گے۔ یہاں پر کسی کو الگ رہائش نہیں ملے گی، ان حجاج کو بھی نہیں جنہوں نے الگ کمرہ کیلیئے زائد ادائیگی کی ہے۔ الگ رہائش کے لیئے زائد ادائیگی کرنے والے حجاج کو صرف مکہ اور مدینہ میں الگ رہائش ملے گی

4 -حاجی کو ملنے مہمان آسکتے ہیں لیکن ہوٹل کے کمروں میں جانے اور قیام کی اجازت نہ ہوگی۔ مہمانوں سے ہوٹل کی لابی میں ملاقات کی جاسکتی ہے۔

5- ۱۴دن والے تمام حجاج کرام ڈائریکٹ عزیزیہ جائیں گیا اور وہاں بلڈنگ میں قیام کریں گے جبکہ ۲۰ دن والے حجاج کرام پہلے مکہ، حرم کے نزدیک ہوٹل میں 5 سے 6دن قیام کریں گے اس کے بعد عزیزیہ میں قیام کریں گے تمام حجاج کرام کا عزیزیہ میں حج سے پہلے اور بعد میں ٹوٹل 6 سے 9 دن قیام ہوگا۔ کمروں کی الاٹمنٹ گروپ آرگنائزر کرے گا جس میں حاجی ردوبدل نہیں کرسکتا

6- تمام حجاج کرام حج ادا کرنے کے بعد ۱۴ یا ۱۵ ذوالحج کو ڈائریکٹ مدینہ منورہ تشریف لے جائیں گے جہاں ۳ دن قیام کے بعد اپنے ملک واپسی ہوگی۔

7- **کھانا:** مکہ اور مدینہ میں کھانہ 3 ٹائیم (ڈبل ڈش) فراہم کیا جائے گا تاہم منیٰ -عرفات وغیرہ میں سنگل ڈش کھانہ معلم کی طرف سے فراہم کیا جائے گا۔

8- کھانے کے اوقات مقرر ہوں گے اگر کوئی حاجی تاخیر سے جانے کی وجہ سے کھانا نہ کھا سکے تو گروپ آرگنائزر ذمہ وار نہ ہوگا۔ نیز غیر معمولی رش اا ور سڑکوں پر ٹریفک جام ہونے کی وجہ سے کھانا آنے میں تاخیر بھی ہوسکتی ہے اس سلسلے میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

9- کمپنی کی طرف سے زرمبادلہ کی صورت میں کوئی رقم واپس نہیں کی جائے گی۔ حجاج اپنے اخراجات کے لیئے رقم خود لے کر جائیں گے۔

10- **ٹرانسپورٹ:** حجاج کی ٹرانسپورٹ کے انتظامات معلم کے ذریعہ کیئے جاتے ہیں اور معلم ہی نے بسیں روانہ کرنا ہوتی ہیں جس کی وجہ سے بسوں کے آنے میں تاخیر بھی ہوسکتی ہے، علاوہ ازیں خدانخواستہ اگر راستے میں گاڑی خراب ہوجاتی ہے تو گروپ آرگنائزر کی ذمہ داری معلم اور متعلقہ کمپنی کو اطلاع کرنے تک محدود ہے۔ بس تاخیر سے آنے یا خراب ہونے پر گروپ آرگنائزر ذمہ وار نہ ہوگا۔

11- انٹرسٹی کیلیئے 2020 ماڈل کی پرائیویٹ بسیں جبکہ مشائر (ایام حج) کیلیئے معلم بسیں فراہم کرے گا اس دوران کسی بھی جگہ خاص طور پر عرفات سے کسی وجہ سے بس میں تاخیر یا جگہ نہ ملنے کی صورت میں کمپنی کو ذمہ وار نہیں ٹھرایا جائے گا۔ (جدہ سے مکہ، مکہ سے مدینہ، مدینہ ہوٹل سے مدینہ ائرپورٹ اور مشائیر (عزیزیہ سے منیٰ، منیٰ سے عرفات اور عرفات سے مذدلفہ کے لیئے ٹرانسپورٹ ملے گی)

12- **ایام حج:** ۷ ذوالحج کو بعد از عشاء عزیزیہ وغیرہ سے منیٰ اور 8 ذوالحج کو بعد از عشاء عرفات سے روانگی ہوگی 12 یا 13 ذوالحج کو عزیزیہ وغیرہ واپسی ہوگی۔ عرفات سے مزدلفہ پہنچنے میں گھنٹوں لگ سکتے ہیں۔ بس مزدلفہ اتار کر چلی جاتی جہاں سے منیٰ پیدل جانا پڑتا ہے۔ منیٰ سے مکہ مکرمہ طواف زیارت کے لیئے جانے آنے کا انتظام بذمہ حاجی ہوگا۔

13- کسی بھی سہولت کو چھوڑنے کی صورات میں کوئی رقم واپس نہیں کی جائے گی۔

14- تمام حجاج کرام سے درخواست ہے کہ وہ اپنا اینڈرائڈ موبائل ساتھ لے کر جائیں اور ریاض الجنتہ کے لیئے NUSK کے ذریعہ پرمٹ کے حصول کی کوشش کریں۔ کمپنی گروپ پرمٹ کے لیئے پوری کوشش کرے گی لیکن اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نا ہوا تو کمپنی ذمہ وار نہ ہوگی۔ حج کی دیگر رہنمائی کے لیئے "Pak Hajj App" لازمی انسٹال کریں۔

15- تمام حجاج کمپنی گروپ کے ساتھ سفر کرنے کے پابند ہوں گے خاص طور پر مکہ اور مدینہ کا اپنے طور پر سفر کرنے کی اجازت بالکل نہ ہوگی۔

16- سعودی انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ تمام ہدایات پر عملکرنا ہر حاجی کا قانونی فرض ہے۔

(ورق الٹیئے)

**17۔ زیارات:** مکہ اور مدینہ کی زیارات پیکیج میں شامل ہیں

**18۔** سعودی قانون کے مطابق حجاج اپنے طور پر مکہ۔ مدینہ کا سفر معلم کی اجازت اور تسریح کے بغیر ہرگز نہیں کر سکتے۔ حجاج کرام جدہ، مکہ اور مدینہ کے علاوہ کہیں اور بھی نہیں جا سکتے۔

**حج پیکج میں شامل سروسز کی تفصیل:** حج ویزہ کا حصول۔ مکہ میں رہائش۔ مدینہ میں رہائش۔ عزیزیہ میں رہائش۔ معلم کی فیس۔ منیٰ اور عرفات میں خیموں کا کرایہ ، ٹرانسپورٹ۔

**ائیر ٹکٹ:** کسی بھی ایئر لائن کی ٹکٹ (ڈایئریکٹ یا ان ڈایئریکٹ) پیکج میں شامل ہے۔ جس کا انتظام کمپنی کرے گی۔ بیرون ممالک سے آنے والے حجاج اپنی ٹکٹ خود لیں گے۔

کوئی بھی حاجی اگر فلائٹ مس کرے گا تو اس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا اور اپنے طور پر اپنے خرچ پر دوسری فلائٹ کا انتظام کرے گا۔

**19۔ ہدایات برائے سامان:**

۱۔ تمام حجاج سے گزارش ہے کہ کم سے کم سامان ساتھ لے کر جائیں۔ ۲۔ ایئر لائن کے مقرر کردہ وزن سے زیادہ سامان لانے والے حجاج کرام زائد وزن کا کرایہ ادا کرنے کے ذمہ دار خود ہوں گے۔

۳۔ اپنے سامان کی حفاظت کرنا اور اپنی نگرانی میں سامان گاڑی میں لوڈ کرانا اور وصول کرنا ہر حاجی کی اپنی ذمہ داری ہے۔ سامان گم ہونے یا کسی قسم کے نقصان کی کمپنی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔ ۴۔ ہر حاجی کو چاہیئے کہ اپنے ہر بیگ پر اپنا نام، مکتب نمبر، کمپنی کا سعودیہ کا فون نمبر اور اپنا فون نمبر اگر کوئی ہے تو واضح طور پر لکھے۔

۵۔ تمام حجاج کرام سے گزارش ہے کہ اپنا قیمتی سامان، دو عدد جوڑے کپڑوں کے، ضروری ادویات اور ایک احرام لازمی اپنے دستی بیگ (Hand Carry) میں رکھے تاکہ کسی ایمرجنسی میں پریشانی نہ ہو۔

**20۔ اضافی رقم برائے الگ کمرہ :** (ا) الگ کمرہ دو اشخاص کے لیے 260000 روپے فی کس

(ب) الگ کمرہ ۳ اشخاص کے لیئے 160000 روپے فی کس۔ (ج) الگ کمرہ ۴ اشخاص کے لیئے 50000 روپے فی کس

**میں نے پیکج کی تمام تفصیل پڑھ لی ہے اور سمجھ لی ہے۔ میں کمپنی کے تمام قواعد و ضوابط کی پابندی کروں گا**

| نمبر شمار | نام حاجی صاحبان | پاسپورٹ نمبر۔ دستخط | نمبر شمار | نام حاجی صاحبان | پاسپورٹ نمبر۔ دستخط |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | 2 | | |
| 3 | | | 4 | | |

دستخط حاجی / لیڈر: ____________

ڈائریکٹر / چیف ایگزیکٹو ____________

Bab-Ul-Kaaba
Hajj, Umrah & Services
(Pvt) Ltd.Pakistan